سوال

(08) : ...زکوۃ نہ ادا کیے گئے روپیہ سے حج ہو سکتا ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زکوۃ نہ ادا کیے گئے روپیہ سے حج ہو سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی مشکوک اور ناپاک مال سے نیک کام سر انجام دینا فضول ہے۔ (اہلحدیث سوہدرہ جلد ۵ ش ۳۰)

توضیح :

حدیث میں ہے :

((ان اللہ لم یفرض الزکوۃ الا لیطیب ما بقی من اموالکم)) (رواہ ابوداود، مشکوۃ : ۱۵۶)

''بیشک اللہ تعالیٰ نے زکوۃ کو فرض نہیں کیا مگر تاکہ باقی ماندہ مال کو پاک کرے۔''

سرمایہ دار کے مال میں آٹھ قسم کے لوگوں کا حق ہے۔ جن کو قرآن پاک نے بیان کیا ہے، ان کا حق پہلے ادا کرے بعد میں حج کو جائے۔ (سعیدی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 08 ص 40